
# 9- ہمارا گاؤں



سارنگاپور گاؤں کے اطراف واکناف چھوٹے چھوٹے پہاڑ ہیں۔اس گاؤں کے قریب سے ایک ندی بہتی ہے۔ندی کا پانی ہی گاؤں کی ضروریات کی تکمیل کا ذریعہ ہے۔ یہاں مکانات قریب قریب واقع ہیں۔گاؤں میں پانی کی ٹنکی موجود ہے۔ جہاں سے نلوں کے ذریعے پانی سربراہ کیا جاتا ہے۔

اس گاؤں میں مختلف کام کرنے والے لوگ رہتے ہیں۔اب ہم سارنگاپور گاؤں کی تصویر کا جائزہ لیں گے۔



سارنگاپور گاؤں میں کیا کیا موجود ہے؟ ہم کیسے کہہ سکتے ہیں کہ اوپر دی گئی تصویر ایک گاؤں (دیہات) کی ہے؟


اوپر کی تصویر کی مدد سے بتلایئے کہ گاؤں (دیہات) کسے کہتے ہیں؟

گاؤں (دیہات) کہاں وجود میں آتے ہیں ؟





سارنگا پور گاؤں کیسا ہے آپ تصویر میں دیکھ چکے ہو!
نیچے دی گئی تصویر دیکھئے اور بتلائے کہ سارنگا پور گاؤں میں اور کیا کیا موجود ہے، بولیے ؟






سارنگا پور گاؤں میں کیا کیا موجود ہیں ؟
آپ کے گاؤں میں کیا کیا موجود ہے ؟

سارنگا پور گاؤں میں گلیاں، مختلف اقسام کے مکانات، اسکول، مندر، مسجد، چرچ، گرام پنچایت، ابتدائی صحت کا مرکز، حیوانات کا دواخانہ اور پوسٹ آفس وغیرہ ہیں۔ کیا آپ ان کے بارے میں جانتے ہیں ؟

## گرام پنچایت کا دفتر




یہ سارنگا پور گرام پنچایت کا دفتر ہے۔ گرام پنچایت والے گاؤں کے لیے پینے کے پانی کی سربراہی، گلیوں اور نالیوں کی صفائی، گلیوں میں روشنی (بجلی) کا اِنتظام کرتے ہیں۔

آپ کے گاؤں کی پنچایت والے کون کونسے کام کرتے ہیں؟




## پوسٹ آفس :




یہ پوسٹ آفس ہے اسکے ذریعہ خطوط پہنچائے جاتے ہیں،رقم جمع کرنا،زندگی کا بیمہ وغیرہ جیسے کام انجام دیئے جاتے ہیں۔

کیا آپ نے اپنے گاؤں میں پوسٹ بکس دیکھا ہے ؟
اُس میں کیا ڈالے جاتے ہیں ؟
ڈاکیہ کیا کام انجام دیتا ہے ؟ اُس کا نام کیا ہے؟

## ابتدائی صحت کا مرکز :


ابتدائی صحت کا مرکز

گاؤں میں ابتدائی صحت کا مرکز موجود ہے۔اس مرکز میں ڈاکٹر و دیگر کارکنان صحت ہوتے ہیں ۔ کارکنِان صحت عوام کو صحت سے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔پلس پولیو کا انعقاد کرتے ہیں۔ان مراکز پر عام بیماریوں کے لئے دوائیاں دی جاتی ہیں۔

آپ کے گاؤں میں پولیو خوراک کون دیتے ہیں؟
کیا آپ کے گاؤں میں صحت کا مرکز Health Centre موجود ہے؟
وہ کونسے مختلف کام انجام دیتا ہے ؟

## حیوانات کا دواخانہ :



حیوانات کو کب کب دواخانہ لے جاتے ہیں پوچھ کر لکھئے؟ حیوانات کا دواخانہ نہ ہونے پر کیا ہوگا؟

ہماری صحت خراب ہونے پر ہم دواخانہ جاتے ہیں بالکل اسی طرح حیوانات کی صحت خراب ہونے پرانہیں حیوانات کے دواخانہ لے جاتے ہیں۔

## بنک :




سارنگاپور گاؤں میں آبادی زیادہ ہونے کی وجہہ سے وہاں گرامینا بنک بھی موجود ہے۔عوام وہاں اپنی رقم محفوظ کرواتے ہیں۔عوام کی ضروریات کی تکمیل کے لئے بنک قرض بھی فراہم کرتا ہے۔ جسے قسطوں میں اَدا کرتے ہیں۔

بڑوں سے پوچھئے کہ بنک سے اورکیا کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟ لکھئے



not to be republished © SCERT

## اسکول :




سارنگا پور گاؤں میں اپر پرائمری اسکول ہے۔ یہاں تعلیم مکمل کرنے والے آگے کی تعلیم کے لئے پڑوسی گاؤں جاتے ہیں۔

☆ اسکول نہ ہوتو کیا ہوگا ؟

☆ آپ کے گاؤں میں آگے کی تعلیم کے لئے کہاں جاتے ہیں ؟

## پانی کی ٹانکی :



گاؤں میں پانی کی ٹانکی کے ذریعہ پانی نلوں سے سربراہ کیا جاتا ہے۔ پانی کی ٹانکی ہفتہ میں ایک دفعہ صاف کی جاتی ہے۔ پانی میں کلورین ملا کر اُسے صاف کیا جاتا ہے۔اس کے بعد ہی نلوں کے ذریعہ پانی گاؤں میں سربراہ کیا جاتا ہے۔ پانی ضائع نہ ہونے دیں۔ اگر پانی ضائع ہوتا ہے یا پائپوں میں کہیں (Leakage) ہوتو فوری سرپنچ کو آگاہ کریں۔

☆...... آپ کے گاؤں میں پانی کہاں سے لاتے ہیں؟

☆...... پانی کی ٹانکی کے استعمالات کیا ہیں ؟

## عبادت گاہیں :

درج ذیل تصاویر دیکھئے اور بتائیے کہ یہ کیا ہیں؟ وہاں کون کون اور کب جاتے ہیں؟







آپ کے گاؤں میں کون کونسی عبادت گاہیں ہیں ؟ وہاں کون کون جاتے ہیں؟ کب کب جاتے ہیں؟



© SCERT not to be republished



## سارنگا پور گاؤں کے لیے آمدورفت :

جب کبھی ہم کسی دوسرے گاؤں/شہر جاتے ہیں تو بس، ریل یا پھر آٹو کے ذریعہ جاتے ہیں۔ تو پھر آیئے جانیں کہ سارنگا پور گاؤں میں آمدورفت کے ذرائع کیسے ہیں؟ سارنگا پور گاؤں میں کونسی گاڑیاں ہیں؟



© not to be republished

سارنگا پور گاؤں میں صبح، شام بس آتی ہے۔ قریبی علاقوں کے لئے لوگ آٹو میں جاتے ہیں۔ گاؤں میں کسان بیل بنڈی کا استعمال، زراعتی کاموں کے لئے کرتے ہیں۔ اسکول کے بچے آگے کی تعلیم کے لئے پڑوسی گاؤں بس کے ذریعہ آتے جاتے ہیں۔

آپ کے گاؤں کو کون کونسی گاڑیاں آتی جاتی ہیں ؟ ............

آپ کے گاؤں کے لوگ کن گاڑیوں میں سفر کرتے ہیں ؟ ............

سارنگا پور گاؤں میں سماجی خدمت کے اِدارے اور آمدورفت کے ذرائع سے متعلق آپ جان چکے ہو!



تو پھر اس گاؤں کے لوگ کیا کام انجام دیتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں؟ زیادہ تر لوگ زراعت کرتے ہیں، کچھ لوگ مزدوری کرتے ہیں اور گاؤں میں مختلف قسم کے کام کرنے والے افراد بھی موجود ہیں۔ لوہار، کمہار وغیرہ پیشہ ور افراد بھی ہیں۔ اُسی طرح اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے ملازمت کرنے والے بھی یہاں رہتے ہیں اور بعض لوگ چھوٹے چھوٹے کاروبار لگا کر تجارت بھی کرتے ہیں۔ اسکولی عمر کے تمام بچے اُس گاؤں کے اسکول ہی میں پڑھتے ہیں۔ بڑے بچے پڑوسی گاؤں جا کر آگے کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ گاؤں کی تمام عورتیں تعلیم یافتہ ہیں! وہ بھی کچھ نہ کچھ کام کر کے پیسہ کما رہی ہیں۔

## آپ کے گاؤں کے لوگ کون کون سے کام کرتے ہیں

آپ جان چکے ہو کہ سارنگا پور گاؤں میں کیا ہے! اس طرح تمام سہولیات ہر گاؤں میں فراہم کی جائیں۔ تمام سہولیات ہونے پر ہی گاؤں کی ترقی ہوتی ہے۔

## کلیدی الفاظ :


| | | |
|---|---|---|
| 1. گاؤں | 2. گرام پنچایت | 3. بنک |
| 4. حیوانات کا دواخانہ | 5. ابتدائی صحت کا مرکز | 6. پوسٹ آفس |
| 7. کارکنانِ صحت | 8. عبادت گاہیں | 9. آمدورفت کی سہولیات |
| 10. سماجی خدمت کے اِدارے | 11. زندگی کا بیمہ | 12. پولیو خوراک |

## ہم کیا سیکھ چکے ہیں :

- عام طور پر گاؤں میں گرام پنچایت، بنک، حیوانات کا دواخانہ، اسکول، ابتدائی صحت کا مرکز، پوسٹ آفس، مندر، مسجد، چرچ، ہوتے ہیں۔
- گرام پنچایت نالیوں کی صفائی کے کام گلیوں میں روشنی کا انتظام کچرے کی صفائی، پینے کے پانی کی سربراہی جیسے کام کرتی ہے
- گاؤں میں بنک، پوسٹ آفس' اسکول' صحت کا مرکز' حیوانات کا دواخانہ' گرام پنچایت جیسے ادارے رہنے کی وجہ سے کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔
- گاؤں آنے کے لئے راستے ہوتے ہیں۔ مختلف قسم کی گاڑیاں آتی جاتی رہتی ہیں۔
- گاؤں میں مختلف قسم کے کام کرنے والے ہوتے ہیں۔



© SCERT not to be republished




## یہ کیجیے :


### تصورات کی تفہیم :

1. سارنگا پور گاؤں میں کیا کیا ہیں ؟
2. آپ کے گاؤں/محلّہ میں کونسی عبادت گاہیں ہیں۔اُن کے نام لکھئے ؟
3. اگر آپ کے گاؤں میں اسکول نہ ہو تو کیا ہوگا ؟
4. گاؤں میں بنک کی موجودگی سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں ؟
5. بنک اور پوسٹ آفس کے درمیان فرق اور مشابہت لکھئے ؟

### تصویر اُتار کر رنگ بھریئے :



اسکول کی تصویر اُتاریئے رنگ بھریئے۔



© SCERT not to be republished



### معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں : منصوبہ کام

2. سارنگا پور گاؤں میں کیا کیا ہیں ذیل کے جدول میں لکھئے ؟ اُن میں سے آپ کے گاؤں میں کیا ہے اُنکے آگے ( ✔ ) کا نشان لگایئے ۔

| سلسلہ نشان | سارنگا پور گاؤں میں موجود | آپ کے گاؤں میں موجود |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |




☆ جوسارنگاپورگاؤں میں موجود ہےاُن میں سے آپ کےگاؤں میں کیاموجود ہے ؟

☆ وہ کیاہیں جوسارنگاپورگاؤں میں موجود ہیں لیکن آپ کےگاؤں میں نہیں ؟

☆ وہ کیاہیں جوآپ کےگاؤں میں ہیں لیکن سارنگاپورگاؤں میں نہیں ہے ؟

3. آپ کےگاؤں میں سماجی اداروں کے نام اوران کے کام معلوم کر کے لکھئے ؟

| سلسلہ نشان | سماجی اِدارے | اُن کے نام |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |



## توصیف:

1. آپ جان چکے ہو کہ گاؤں میں اسکول، بنک،پوسٹ آفس، دواخانہ وغیرہ ہےتو اُن سے کیا فائدے ہیں اس طرح گاؤں کی اور کیا کیا ضرورتیں ہیں؟ معلوم کیجئے، بولئے؟



## سوال کیجئے :

1. چاندصاحب سارنگاپور گئے وہ سارنگاپور کےتعلق سے معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں اسکے لیے وہ اسکول کے ٹیچر سے ملے اُنہوں نے گاؤں سے متعلق سوالات پوچھے چاندصاحب کیاپوچھیا ہوگا؟ ٹیچر نے کیا کیا جوابات دیئے ہوں گے ؟ سوچئے !





## کیا یہ میں کرسکتا/کرسکتی ہوں :

| | |
|---|---|
| ☐ گاؤں کسے کہتے ہیں وضاحت کرسکتا ہوں۔ | ہاں/نہیں |
| ☐ گاؤں میں سماجی ادارے اوران کے کام بتاسکتا ہوں۔ | ہاں/نہیں |
| ☐ گاؤں یا محلّہ میں موجود سماجی اداروں کی تفصیلات کی فہرست تیار کرسکتا ہوں۔ | ہاں/نہیں |
| ☐ گاؤں میں موجود سماجی اداروں سے حاصل ہونے والے فائدے کیا ہیں؛ بتاسکتا ہوں۔ | ہاں/نہیں |
| ☐ اسکول کی تصویراُتارکررنگ بھرسکتا ہوں۔ | ہاں/نہیں |
| ☐ گاؤں سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں۔ | ہاں/نہیں |

© SCERT not to be republished